## پاکستان کومعاشی بدحالی سے نکالنے کیلئے ملک کی دولت لوٹنے والے چوروں اوراچکوں سے نجات حاصل کرنا ہوگی۔ الطاف حسین

### کرپشن اورقومی دولت کی مسلسل لوٹ مار کی وجہ سے چندخاندان تومالا مال ہیں مگر ہمارا ملک کنگال ہو چکا ہے

### آج ہمارے ہاتھوں میں بھیک کے پیالے ہیں اورہم اپنی قومی غیرت اورخودداری کا سودا کرکے پوری دنیا سے بھیک مانگ رہے ہیں

### اگرملک کوان چوروں اورلٹیروں سے نجات نہ دلائی گئی تو یہ ملک کومکمل طور پرتباہ وبرباد کردیں گے

### کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاہور، راولپنڈی، ملتان، سیالکوٹ، گلگت اور کوئٹہ میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کیمپوں پر رضا کاروں اورایم کیوایم کے کارکنوں سے ٹیلیفون پرعلیحدہ علیحدہ گفتگو

لندن۔۔۔18 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کومعاشی بدحالی سے نکالنے اوراسے ترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کرنے کیلئے ملک کی دولت لوٹنے والے چوروں اوراچکوں سے نجات حاصل کرنا ہوگی اور ملک میں انصاف کا نظام قائم کرنا ہوگا۔ انہوں نے یہ بات عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاہور، راولپنڈی، ملتان، سیالکوٹ، گلگت اور بلوچستان کے شہر کوئٹہ اور دیگر شہروں میں قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں قائم کئے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کیمپوں پر رضا کاروں اورایم کیوایم کے ذمہ داروں وکارکنوں سے ٹیلیفون پر علیحدہ علیحدہ گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان میں گزشتہ 63 برسوں سے یہ کھیل جاری ہے کہ جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور بڑے بڑے سرمایہ داروں کے چندخاندان چہرے اورسیاسی جماعتیں بدل بدل کر ملک کے اقتدار پر قابض ہوتے رہے ہیں اوراپنے ذاتی وخاندانی مفادات کیلئے یہ دونوں ہاتھوں سے ملک کا خزانہ لوٹتے رہے ہیں اور ملک اور بیرون ملک اپنی بڑی بڑی جاگیریں اور جائیدادیں بناتے رہے ہیں۔ اس کرپشن اورقومی دولت کی مسلسل لوٹ مار کی وجہ سے چندخاندان تو مالا مال ہیں مگر ہمارا ملک کنگال ہو چکا ہے، آج ہمارے ہاتھوں میں بھیک کے پیالے ہیں اورہم اپنی قومی غیرت اورخودداری کا سودا کرکے پوری دنیا سے بھیک مانگ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ لٹیرے ملک کو دیمک کی طرح چاٹ چکے ہیں اوراگر ملک کوان چوروں اورلٹیروں سے نجات نہ دلائی گئی تو یہ ملک کومکمل طور پرتباہ وبرباد کردیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کوغریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کی ضرورت ہے اورانقلاب کیلئے آسمان سے فرشتے نہیں اتریں گے بلکہ اس کیلئے غریب ومتوسط طبقہ کے تمام عوام خصوصاً نوجوانوں اور طالبعلموں کوآگے آنا ہوگا۔ انہوں نے کارکنوں پر زوردیا کہ وہ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کیلئے تحریک کے پیغام کو پھیلانے کے کام کوتیز کردیں۔ انہوں نے تحریک کیلئے رات دن کام کرنے پر کارکنوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کوقومی خزانہ لوٹنے والے جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں، چوراچکوں، لٹیروں، عیاروں اومکاروں سے نجات دلائے اور ملک میں 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے ایماندار، دیانتدار اورفرض شناس لوگوں کی حکمرانی قائم ہو اوراللہ تعالیٰ ملک کودہشت گردی، بدامنی، کرپشن، اقرباء پروری اورتمام ناانصافیوں اور جرائم سے پاک کرکے ملک میں ایک بہترین معاشرہ قائم کردے اوراس نیک مقصد کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کردے۔ جناب الطاف حسین نے تمام شہروں میں موجود کارکنوں اوران کے اہل خانہ اورشہریوں کوعیدالاضحیٰ کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر کراچی سمیت صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزادکشمیر اورگلگت بلتستان کے عوام کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بڑی تعداد میں قربانی کی کھالیں دینے کوانتہائی خوش آئندقرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ عمل ملک بھر کے عوام کی جانب سے ایم کیوایم پر اعتماد کا کھلا مظہر ہے۔ انہوں نے قربانی کی کھالیں جمع کرنے میں مصروف کارکنوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## تحریک پاکستان کے سرگرم کارکن اورملک کے ممتاز دانشور، نقاد، مفکر، محقق، تاریخ داں اور فلسفی ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی علالت پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

### عوام ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی صحتیابی اوردرازی عمر کیلئے دعا کریں۔ الطاف حسین کی اپیل

### ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی گرانقدر علمی وادبی خدمات کے اعتراف کے طور پر جامعہ کراچی کا کوئی شعبہ ان کے نام سے منسوب کیا جائے۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔18 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تحریک پاکستان کے سرگرم کارکن اور ملک کے ممتاز دانشور، ادیب، شاعر، نقاد، مفکر، محقق، تاریخ داں اور فلسفی ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد اور مکمل صحتیابی اوردرازی عمر کی دعا کی ہے۔ ڈاکٹر فرمان فتح پوری گزشتہ کئی دنوں سے شدید علیل ہیں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی صحتیابی اوردرازی عمر کیلئے دعا کریں۔ انہوں نے گورنر سندھ اور جامعات کے چانسلر ڈاکٹر عشرت العباد اور جامعہ کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر فرمان فتح پوری کی گرانقدر علمی وادبی خدمات کے اعتراف کے طور پر جامعہ کراچی کا کوئی شعبہ ان کے نام سے منسوب کیا جائے تا کہ نئی نسل اپنے اکابرین کے کردار اور کارناموں سے آگاہ ہو سکے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل اورحق پرست ارکان اسمبلی نے ڈاکٹرفرمان فتح پوری کی عیادت کی اورگلدستہ پیش کیا

کراچی۔۔۔18،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل ،حق پرست رکن قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے تحریک پاکستان کے سرگرم کارکن اور ملک کے ممتاز دانشور، ادیب،شاعر،نقاد،مفکر،محقق،تاریخ داں اورفلسفی ڈاکٹرفرمان فتح پوری کی علالت پران کی رہائشگاہ واقع گلشن اقبال جاکرعیادت کی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے گلدستہ پیش کیا۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھی ڈاکٹرفرمان فتح پوری کی خیریت دریافت کی اوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ڈاکٹر فاروق ستاراورواسع جلیل نے شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے سسرال جاکر بیوہ شمائلہ عمران اوردیگرسوگواران سے تعزیت کی

کراچی۔۔۔18،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستاراوررابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل نے عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز ایم کیوایم کے کنوینز اورشہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے سسرال واقع سوسائٹی جاکرشہید کی بیوہ شمائلہ عمران اوردیگرلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے شہید انقلاب کی بیوہ شمائلہ عمران اوردیگرسوگوار لواحقین سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے رفیق اوروفادارساتھی ڈاکٹرعمران فاروق شہیدعیدالاضحیٰ سے قبل ایک گھناؤنی سازش کے تحت ہم سے جدا کردیئے گئے اورانہیں لندن میں بہیمانہ طریقے سے شہید کردیا گیا اوریہی وجہ ہے کہ عیدالاضحیٰ پرتحریک کے سچے اورمخلص ساتھی کے بچھڑ جانے پر قائدتحریک جناب الطاف حسین سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن اداس ہے اورشہید کی لازوال قربانیوں کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی بیوہ شمائلہ عمران اوردیگرسوگوارلواحقین کودلاسہ دیااورانہیں صبر کی تلقین کی۔اس موقع پرانہوں نے شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

## مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں اے پی ایم ایس او کے کارکن افتخاراحمد کی شہادت اوردیگرکارکنان کوزخمی کرنے کاسختی سے نوٹس لیاجائے،مرکزی کابینہ اے پی ایم ایس او

## عیدالاضحیٰ کے موقع پراے پی ایم ایس او کے کارکنان کوفائرنگ کرکے شہیداورزخمی کرناشہرکاامن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش ہے

کراچی۔۔۔18،نومبر 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نےگلشن اقبال بلاک 19 میں واقع الاشرف پلازہ میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے اے پی ایم ایس او کے کارکن افتخارحمد کی شہادت اورمتعدد کارکنان کوزخمی کئے جانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پرگلشن اقبال بلاک 19 میں دہشت گردوں نے جس طرح سے اے پی ایم ایس او کے بے گناہ کارکنان کوفائرنگ کرکے شہیداورزخمی کیا ہے وہ شہرکاامن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش اورقابلِ مذمت واقعہ ہے۔مرکزی کابینہ نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک اورصوبائی وزیرداخلہ ذوالفقارمرزا سے مطالبہ کیا کہ گلشن اقبال بلاک 19 میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے اے پی ایم ایس او کے کارکن افتخاراحمد کی شہادت اورمتعدد کارکنان کوزخمی کئے جانے کاسختی سے نوٹس لیاجائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کوفی الفور گرفتارکرکے قرارواقعی سزادی جائے۔مرکزی کابینہ نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے اے پی ایم ایس او کے کارکن افتخاراحمد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین اورزخمی کارکنان کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز بھی کراچی، اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام نے بہت بڑی تعداد میں چرم قربانی ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے عطیہ کیں

کراچی۔۔۔18، نومبر 2010ء

عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز بھی کراچی، اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام نے بہت بڑی تعداد میں چرم قربانی متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے عطیہ کیں۔ تفصیلات کے مطابق چرم قربانی کے حصول کے سلسلے میں کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت فیڈرل بی ایریا میں واقع نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی کے طارق گراؤنڈ میں چرم قربانی کے حصول کیلئے مرکزی کیمپ قائم کیا گیا ہے جبکہ شہر کے مختلف علاقوں میں سیکٹر اور یونٹ کی سطح پر دو ہزار سے زائد کلیکشن پوائنٹ بنائے گئے ہیں۔ قربانی کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کرنے کے حوالے سے عوام میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آیا، لوگوں کی بڑی تعداد نے اپنی ذاتی گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، رکشوں، سائیکلوں اور پیدل بھی قربانی کی کھالیں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور شہر بھر میں قائم کلیکشن پوائنٹ پر پہنچائیں اور یہ سلسلہ رات گئے تک جاری رہا۔ مرکزی کلیکشن پوائنٹ سمیت شہر بھر میں سیکٹر اور یونٹ کی سطح پر قائم کئے گئے کلیکشن پوائنٹس پر چرم قربانی کے ڈھیر دکھائی دیئے۔ ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں پر مشتمل سینکڑوں ٹیمیں چرم قربانی کے کاموں میں مصروف رہیں جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست وزراء نے قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے کاموں میں حصہ لیا اور کارکنان ورضا کاران کے درمیان ہی موجود رہے۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے مرکزی کیمپ میں عوام سے از خود بھی چرم قربانی وصول کیں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے بڑھ چڑھ کر قربانی کی کھالیں عطیہ کرنے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ رابطہ کمیٹی نے قربانی کی کھالیں لیکر آنے والے لوگوں کے جذبے کو سراہا۔

## پاکستان بھر سے ایم کیوایم کو ملنے والی کھالیں الطاف حسین پر عوام کا بھرپور اعتماد ہی نہیں بلکہ ان کی انسانیت کیلئے اعلیٰ خدمات کا واضح اور شاندار اعتراف ہے، مصطفیٰ کمال کی دیگر اراکین رابطہ کمیٹی کے ہمراہ مرکزی کیمپ پر پریس بریفنگ

کراچی۔۔۔(18 نومبر 2010ء اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وخدمت خلق فاؤنڈیشن کے چیف ٹرسٹی مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کراچی حیدرآباد سمیت پاکستان بھر سے ایم کیوایم کو ملنے والی کھالیں دراصل عوام کا قائد تحریک جناب الطاف حسین پر بھرپور اعتماد ہی نہیں بلکہ ان کی انسانیت کیلئے اعلیٰ خدمات کا واضح اور شاندار اعتراف بھی ہے یہ اس امر کا مظہر ہے کہ اب پاکستان کے عوام الطاف حسین کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں جس کی بنیاد حقیقت پسندی اور عملیت پسندی پر مبنی ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کی شام خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت فیڈرل بی ایریا میں واقع نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی کے طارق گراؤنڈ میں قربانی کی کھالوں کے حصول کیلئے قائم کردہ مرکزی کلیکشن کیمپ عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہی اس موقع پر دیگر ارکان رابطہ کمیٹی طارق میر، شعیب بخاری، رضا ہارون، واسع جلیل اور حق پرست سینیٹر وفاقی وزیر بابر خان غوری بھی موجود تھے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کے مظلوم، محکوم، غریب، ضرورت منداور نادار لوگوں کی امداد اور خدمت کیلئے قربانی کی کھالیں وصول کرتی ہے، کھالوں کا حصول اور اس کے استعمال سے انسانیت کی خدمت کیلئے آج متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور ارکان رابطہ کمیٹی سے لیکر ملک بھر میں موجود ایک ایک کارکن ہزاروں کی تعداد مصروف عمل ہے یہ اپنی عید کی خوشیوں کی قربانی دیکر انسانیت کی اعلیٰ خدمات کی انجام دہی کیلئے شب روز کام کررہے ہیں، انہوں نے اپنی عید کی خوشیاں ہی نہیں اپنا آرام تک چھوڑ دیا ہے، خود قائد تحریک الطاف حسین بھی خدمت کے اس عمل میں سب سے زیادہ شریک ہیں وہ وقفے وقفے سے فون پر رابطہ کرتے ہیں اور کارکنوں کی خیریت دریافت کرتے ہیں۔ واسع جلیل نے بتایا کہ سندھ میں کراچی کے علاوہ سکھر، حیدرآباد اور دیگر شہروں میں قربانی کی کھالوں کیلئے مرکزی کلیکشن پوائنٹس بنائے گئے جبکہ پنجاب میں لاہور، گجرانوالہ، راولپنڈی، فیصل آباد کے علاوہ گلگت بلتستان اسلام آباد، صوبہ پختون خواہ اور بلوچستان میں بھی اہم مقامات پر کھالوں کی رضا کارانہ حصول کا سلسلہ بھی جاری ہے جو کل تک جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ کے کے ایف کا وجود ایم کیوایم سے پہلے سے ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم میں سیاست سے پہلے عوام کی خدمت کو ترجیح دی جاتی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ گینگ وار کے درمیان اکا دکا واقعات کے علاوہ کھالوں کی وصولی کے حوالے سے شہر میں صورتحال مجموعی طور پر پرامن رہی ان واقعات سے آگاہی بھی ہمیں میڈیا کے ذریعے ہوئی ہے تاہم گزشتہ روز اے پی ایم ایس او ایک کارکن کو شہید کردیا گیا یہ افسوسناک واقعہ ہے ہم نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔ مصطفیٰ کمال نے میڈیا کے نمائندوں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے عید کی مبارکباد دی اور کوریج کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## ملائیشیا قونصل جنرل کا دورہ کے کے ایف کیمپ

کراچی۔۔۔18/نومبر 2010ء

برادر ملک ملائیشیا کے کراچی میں متعین قونصل جنرل محمد خالد عبدالرزاق نے عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت فیڈرل بی ایریا میں واقع نذیر حسین میڈیکل یونیورسٹی کے طارق گراؤنڈ چرم قربانی کیلئے حصول کیلئے قائم مرکزی کلیکشن کیمپ کا دورہ کیا۔اس سے قبل معزز مہمان کیمپ پر پہنچے تو ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی، کے کے ایف کے چیف ٹرسٹی اور رکن رابطہ کمیٹی سید مصطفیٰ کمال اور اراکین رابطہ کمیٹی طارق میر، رضا ہارون، واسع جلیل، شعیب احمد بخاری اور وفاقی وزیر بابر خان غوری نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔معزز مہمان نے کیمپ پر کھالوں کے حصول اور اُنہیں محفوظ رکھنے کے عمل کا جائزہ لیا ایم کیو ایم کے کارکنوں کو کام کرتے دیکھا، اسکی تعریف کی اور اپنی جانب سے ایم کیو ایم کے رہنماؤں کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ملائشیا کے قونصل جنرل نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بھاری مقدار میں قربانی کے گوشت کے پیکٹ بھی عطیہ کئے۔اس موقع پر ریڈ کریسنٹ کا وفد بھی موجود تھا وفد کی قیادت Dr HJ Bahari Bin Datuk نے کی۔

☆☆☆☆☆